20/05/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماج کے سبھی طبقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ منشیات کی لعنت کا قلع قمع کرنے کےلئے اپنا کلیدی رول ادا کریں تاکہ نوجوان نسل کو اس بدعت سے بچایا جا سکے ۔

پلوامہ میں نشہ مکت ابھیان کے تحت منعقدہ ایک پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ پچھلے ایک ماہ کے دوران لوگ منشیات کے خلاف منظم ہو گئے اور انہوننے منشیات کے خلاف یک جٹ ہوکر آواز اُٹھائی۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے ”دی آرٹ آف لیونگ انٹرنیشنل سینٹر“ کے قیام کے 45 برس مکمل ہونے کے سلسلے میں بنگلورو میں واقع سینٹر کا دورہ کیا۔

اپنے دورے کے دوران ستیش شرما نے گرو دیو شری شری روی شنکر سے ملاقات کی اور نئے افتتاح شدہ ”دھیان مندر“ میں ایک خصوصی ستسنگ میں شرکت کی۔

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ستیش شرما نے کہا کہ سماج کو مستحکم بنانے میں ہمدردی اور اجتماعی کوششوں کو فروغ دیا جانا چاہئے ۔

جموں وکشمیر بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز CEOاس تعلق جموںو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

ایوارڈ

پو

نے کی ایک معروف تنظیم ’’سرحد ‘‘کے اہتمام سے کل سرینگر میں ’’لل دید ایوارڈس ‘‘ تقریب ¾ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کشمیر کی چار ممتاز خواتین کو ان کی نمایاں خدمات کے اعتراف میں ’’لل دید ایوارڈ‘‘ سے نوازا۔ جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیئرپرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کو جموں و کشمیر میں گزشتہ دو دہائیوں کے دوران صوفی و ریشی روایت کے احیاءاور مختلف طبقوں کے درمیان ہم آہنگی و بھائی چارے کو فروغ دینے میں مثالی کردار ادا کرنے پر اس ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔

سرحد کے قومی چیئرمین سنجے نہار نے کہا کہ ڈاکٹر درخشاں اندرابی کی سماجی اور ادبی خدمات قابلِ ستائش ہیں۔ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے ’’سرحد‘‘ تنظیم کا شکریہ ادا کیا۔

سرینگر

پروگرام منعقد “ Mahila Jan Sunwai ” خواتین کے قومی کمیشن کے اہتمام سے سرینگر میں نے کی ۔ اس پروگرام کا مقصد Vijaya K Rahatkar ہوا جس کی صدارت کمیشن کی چیر پرسن خواتین کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانا تھا ۔ اس موقعہ پر 14 معاملات کی سُنوائی کی گئی ۔ پروگرام میں ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو اور ایس ایس پی سرینگر ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتی کے علاوہ دیگر کئی افسران موجود تھے ۔

وَن نیشن وَن الیکشن

وَن نیشن وَن الیکشن‘‘ پر تشکیل دی گئی مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے چیر مین پی پی ’’ چودھری نے کہا ہے کہ ملک میں لوک سبھا ، اسمبلی اور بلدیاتی اداروں کے انتخابات ایک ساتھ کرانے سے تقریباً 7 لاکھ کروڑ روپے کی بچت ہو سکتی ہے ۔

گاندھی نگر گجرات میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس عمل میں ایک اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ ممکن ہے ۔ GDP سے ملک کی

YEP

نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور
ا

ن کی شمولیت، بااختیاری اور ترقی کے لیے ایک مربوط نظام قائم کرنے کی غرض سے ±
منصوبہ بندی، ترقی و نگرانی محکمہ تمام اضلاع میں عنقریب ایک یوتھ ایمپاورمنٹ پروگرام
شروع کر رہا ہے۔ (YEP)

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ میں اس پروگرام کے لئے کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

پورٹل کے ذریعے رجسٹرڈ نوجوانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات YEP چیف سیکریٹری نے اور خدمات پر تفصیلی جانکاری حاصل کی۔

گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل جتن کشور نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلع کے شہری اور دیہی
علاقوں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ
رو

لز 2026 کے نفاذ کا جائزہ لیا۔¾

انہوں نے ضلع بھر میں ٹھوس کچرے کے انتظام کے موجودہ نظام اور
طریقہ

کار کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے صفائی ستھرائی کے اقدامات کے ؤ
مو

ثر نفاذ کی ضرورت پر زور دیا۔ؤ

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ28 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ